CIVIC ACTION TEAMS

## Pakistan Coronavirus CivActs Campaign


## بلیٹن نمبر 41

2 اگست، 2021

اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان نے اپنے پراجیکٹ "سٹرینتھتننگ کمیونٹی ریزیلینس ٹو کووِڈ۔19" کے تحت یورپین یونین کی مالی اور ایشیا فاؤنڈیشن پاکستان اور محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی تکنیکی معاونت سے "کروناوائرس سِوِک ایکٹس کیمپین " کا آغاز کیا ہے۔ اس مہم کے دوران افواہوں، جعلی خبروں اور غلط معلومات کو رد کرکے مستند حقائق کو جانچ کرعوامی آگاہی کے لیے ایک ہفتہ وار بُلیٹن تیار کیا جاتاہے۔ بلیٹن میں حکومتی فیصلے، ویکسین مہم ، کمیونٹی کا فیڈ بیک اور تحفظات اور عمومی صحت اور کووڈ۔19 کے گرد گھومتے سوالوں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس مہم کا مقصد بالخصوص خیبر پختونخوا اور سندھ کے پسماندہ طبقات (بشمول نسلی اور مذہبی اقلیتوں، ٹرانسجینڈرز، معذور افراد) اور دیگر سہولیات سے محروم طبقات تک آگاہی پھیلانا ہے۔ ان بُلیٹنز کا اردو اور دیگر علاقائی زبانوں جیسا کہ پشتو (صوتی بلیٹن) اور سندھی میں ترجمہ کرکے انہیں عوام الناس تک پہنچا یا جاتا ہے تاکہ دور دراز رہنے والے شہریوںمیں کروناوائرس وبا کے خلاف مزاحمت اور مدافعت پیدا کی جاسکے۔ یہ بُلیٹنز آن لائن اور آف لائن ذرائع سے متعلقین جن میں سرکاری ادارے، ڈونرز، شہری اور سماجی ادارے شامل ہیں ، تک پہنچائے جاتے ہیں

## کووِڈ 19 ڈیش بورڈ

(پاکستان)




**گلگت بلتستان**
- 8,212
- 813
- 147
- 7,252

**کے پی کے**
- 144,848
- 4,110
- 4,468
- 136,270

**بلوچستان**
- 30,502
- 1,199
- 328
- 28,975

**اسلام آباد**
- 88,093
- 3,847
- 803
- 83,443

**کشمیر**
- 24,891
- 3,158
- 628
- 21,105

**پنجاب**
- 357,735
- 13,470
- 11,067
- 333,198

**سندھ**
- 385,414
- 46,616
- 6,021
- 332,777

تصدیق شدہ کیس | کل اموات | کل ایکٹو کیس | کل رکوریز

| تصدیق شدہ کیس | کل ایکٹو کیس | کل اموات | کل رکوریز |
|---|---|---|---|
| 1,039,695 | 73,213 | 23,462 | 943,020 |

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

# کروناوائرس ویکسین کی تازہ ترین صورتحال

| ویکسین کی کُل لگائی جانے والی تعداد | سنگل ڈوز | ڈبل ڈوز |
|---|---|---|
| 30,590,183 | 24,086,196 | 6,503,987 |
| گزشتہ 24 گھنٹے: 446,278 | گزشتہ 24 گھنٹے: 341,697 | گزشتہ 24 گھنٹے: 104,581 |

## حقیقت اور افواہ




صحت پر اپنے مضر اثرات کی وجہ سے الکوحل کو اکثر متنازعہ سمجھا جاتا ہے۔ تاہم سینٹائزرز میں الکوحل کا استعمال محفوظ ہے ۔ سی ڈی سی کی سفارشات کے مطابق الکوحل والے ہینڈ سینٹائزرز میں کم ازکم 60 فیصد الکوحل ہونا ضروری ہے۔عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) گھر پر تیار کیے جانے والے سینٹائزرز میں 96 فیصد ایتھانول کے استعمال کا مشورہ دیتا ہے۔ مزید برآں ، الکوحل والے سینٹائزرز کے زیادہ استعمال سے بیماری کے خلاف مدافعت پیدا ہونے میں بھی کوئی صداقت نہیں کیوں کہ ایسا کوئی واقعہ ابھی تک سامنے نہیں آیا۔ یہ یادر کھنا بھی ضروری ہے کہ الکوحل والے ہینڈسینٹائزرز سے الرجی ہونا یا بلیچنگ جیسے سائیڈ ایفیکٹس بھی بہت کم ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام جیسے مذاہب جن میں الکوحل کا استعمال حرام ہے ، بھی اس کے طبی استعمال کی اجازت دیتے ہیں۔

(ذریعہ۔ ڈبلیو ایچ او )

حالیہ دنوں میں زیرِ گردش افواہ کے مطابق کروناوائرس کی ویکسین میں الیکٹرو میگنیٹک خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔ سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن (سی ڈی سی) کے مطابق فائزر اور ماڈرنا جیسی ویکسینوں میں سرگرم جزو سارس۔ سی او وی ۔2 کا ایک انکوڈڈ وائرل اسپائک گلائکوپروٹین ہے۔جبکہ جانسن اینڈ جانسن ویکسین میں سارس ۔سی او وی۔2 سپائک پروٹین کی مستحکم قسم موجود ہے لہذا یہ یاد رکھیں کہ کوئی انڈا ، لیٹیکس ، پرزرویٹوز ، جلیٹن اور دھاتیں فارمولا نہیں بناتے ہیں۔اسی طرح آئرن ، کوبالٹ ، نکل یا کوئی دیگر زمینی دھاتیں ویکسین بنانے کے لیے استعمال نہیں ہوتیں ۔ لہٰذا کووڈ۔19 کی ویکسین لگوانے سے مقناطیسی ہونے کا کوئی امکان نہیں ۔

(ذریعہ۔ سی ڈی سی)

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

## قومی سطح پر ہوائی سفر کے لیے کووڈ۔19 ویکسین سرٹیفکیٹ لازمی قرار

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے تصدیق کی ہے کہ یکم اگست سے ملک میں قومی سطح پر ہوائی سفر صرف ایسے افراد کر سکیں گے جنہوں نے ویکسین لگوائی ہوگی۔ اس مقصد کے لیے ضروری ہوگا کہ مسافر متعلقہ حکام کو کروناویکسین لگوانے کا اپنا سرٹیفکیٹ دکھائیں ۔ اسی طرح این سی اوسی کے اعلامیے کے مطابق ضروری ہے کہ 31 جولائی تک تمام ملازمین ویکسین لگوالیں ۔ خصوصا مختلف صنعتوں یا نجی شعبوں جیسا کہ ذرائع ابلاغ، قانون، ہوٹلز، ٹرانسپورٹ ،سمال او ر لارج صنعتوں کے ملازمین کے لیے بھی لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ خود کو ویکسین لگوالیں ۔اسی طرح این اسی او سی کے اعلامیے کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کے تمام شہریوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ 3 اگست تک خود کو ویکسین لگوا لیں ۔

(ذریعہ۔ بزنس ریکارڈر)

## کرونا وائرس کے کیسز میں اضافے کے بعد سندھ حکومت نے صوبے میں مزید پابندیاں لگا دیں

صوبے میں کروناوائرس کیسز مثبت آنے کی شرح 10 فیصد تک پہنچنے کے بعد سند ھ حکومت نے صوبے میں کووڈ۔19 سے متعلقہ پابندیوں کے سختی سے نفاذ کا اعلان کر دیا۔ صرف اشیائے ضروریہ کے کاروبار مثلاً فارمیسیز، کریانے کے بازاراور بیکریوں کو کھلے رہنے کی اجازت ہوگی۔ اسی طرح تفریحی مقامات کو صبح 6 سے شام 6 بجے تک کھولنے کی اجازت ہوگی۔یہ فیصلے وزیر اعلی سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کروناوائرس ٹاسک فورس کے اجلا س میں کیے گئے۔ ملک میں کروناوائرس کیسز کی شرح 7 اعشاریہ 5 فیصد تک پہنچنے کے بعد سندھ حکومت کے ان فیصلوں کو سراہا جارہا ہے۔ صوبائی سیکرٹری صحت سندھ نے انکشاف کیا ہے کہ سندھ میں کروناوائرس کے مثبت کیسز کی شرح 10 اعشاریہ تین فیصد جبکہ کراچی میں 21 اعشاریہ 58 فیصد کی خطرناک سطح پرپہنچ گئی ہے۔

(ذریعہ ۔دی نیوز)

## کرونا وائرس ویکسین کے اب تک سامنے آنے والے سائیڈ ایفیکٹس

**35.7%** بخار اور کپکپی

**33.7%** ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد یا سرخی

**15.4%** سر درد، جسم درد، زکام

**8.8%** دیگر

**6.7%** بیضہ۔

ذریعہ۔ حکومتِ پاکستان


یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

CIVIC ACTION TEAMS

COVID-19 UPDATES

## خیبر پختونخوا میں کروناوائرس کے 250 نئے کیسز اور 6 اموات کا اعلان

جولائی کو خیبر پختونخوا کے محکمہ صحت نے تصدیق کی کہ صوبے میں ایک دن میں کروناوائرس کے 250 نئے کیسز سامنے آئے ہیں جس کے نتیجے میں صوبے میں کروناوائرس سے متاثر افراد کی تعدادایک لاکھ 39 ہزار 960 تک پہنچ گئی ہے ۔ مزید برآں 6 افراد اس دوران جان کی بازی ہا ر گئے جس سے صوبے میں کروناوائرس کے باعث ہونے والی اموات کی تعداد 4 ہزار 377ہو گئی ہے ۔ تاہم صوبے میں ایک دن میں کروناوائرس سے صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد 214 رہی جس سے صوبے میں صحت یاب ہونےوالوں کی کل تعداد ایک لاکھ 33 ہزار 736 ہوگئی۔ توقع ہے کہ کیسز میں مزید اضافے سے بچنے کے لیے شہری خوشیوں کے مواقع پر ایس او پیز پر عمل کریں گے۔

(ذریعہ۔ اے آر وائی)


COVID-19 UPDATES

## ملک میں کیسز مثبت آنے کی شرح 7 اعشاریہ 51 فیصد ہونے سے کروناوائرس قابو سے باہر

این سی اوسی نے اپنے آفیشل پورٹل پر اعلان کیا ہے کہ ملک میں کروناوائرس کیسز مثبت آنے کی شرح میں اضافہ دیکھا جارہا ہے ۔ یہ بہت خطرنا ک ہے کیوں کہ ملک میں کروناوائرس کی چوتھی اور سب سے مشکل لہر چل رہی ہے۔ کووڈ۔19 کی ڈیلٹا قسم جس کی جڑیں بھارت سے ملتی ہیں ، کو اس کی 20 فیصد تیز ترین شرح منتقلی کی وجہ سے بہت زیادہ خطرناک سمجھا جاتا ہے۔ نتیجتاً اس وقت ملک میں 57 ہزار 799 کروناوائرس کے کیسز موجود ہیں ۔ بدقسمتی سے کروناوائرس سے ہونے والی اموات کی شرح بھی 23 تک پہنچ گئی ہے۔ مزید برآں ، ملک میں کروناوائر س سے صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 9 لاکھ 27 ہزار 599 ہو گئی ہے۔

ذریعہ: جیو

## کووِڈ۔19 کی ویکسین لگوانے کے رجسٹریشن کا طریقہ کار



18 سال سے زائد عمر کے شہری




رجسٹریشن ۔ کسی بھی موبائل نمبر سے اپنا شناختی کارڈ نمبر **1166** پر ایس ایم ایس کریں (موبائل نمر آپ کا اپنا ہونا ضروری نہیں) یا **نمز کی ویب سائٹ** پرجا کر خود کو رجسٹرڈ کریں۔



1166 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر ایس ایم ایس کرنے کے بعد اپنے ضلع میں واقع کسی بھی قریبی ویکسین مرکز جا کر اپنا **اصلی شناختی کارڈ** دکھا کر ویکسین لگوائیں۔

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

# کے پی اور سندھ میں ویکسینیشن کے مراکز

## سندھ

### سکھر

- آئی ایچ ایس ہسپتال لیبر فلیٹس | 0715811532
- ٹی ایچ پنوں عاقل | 0715690500
- ٹی ایچ روہڑی ۔ | 0333 7128627

### خیرپور

- رانی پور | 03347382264
- ٹھری میر واہ۔ | 03333960839
- تعلقہ ہسپتال کوٹ ڈیجی۔ | 03013582910

### شکار پور

- دیہی مرکزِ صحت ، سلطان کوٹ۔ | 03337577008
- دیہی مرکزِ صحت خان پور | 03003131100
- دیہی مرکزِ صحت ، گڑھی یاسین ۔ | 03453945330

### جیکب آباد

- سول ہسپتال، جیکب آباد | 03337341698
- تعلقہ ہسپتال ، ٹھل | 03335765590
- دیہی مرکزِ صحت گڑھی حسن | 03003174277

### لاڑکانہ

- ٹی ایچ ڈوکری | 03337517256
- سی ایم سی ہسپتال ، لاڑکانہ | 03337533685
- رتو ڈیرو | 03453852452

## خیبر پختونخوا

### پشاور

- دیہی مرکز صحت ریگی۔ | 03335042588
- مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر مٹانی | 03459146891
- پبلک ہیلتھ سکول | 03339611020

### چارسدہ

- بنیادی صحت مرکز محمد ناری | 03045270647
- ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چارسدہ۔ | 03339015031
- دیہی مرکز صحت بٹگرام | 03149160346

### مردان

- ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال مردان۔ | 03005921350
- مردان میڈیکل کمپلیکس | 0333929881
- تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تخت بھائی۔ | 03339191353

### صوابی

- بنیادی مرکزِ صحت ، جھنڈا۔ | 03005921350
- بنیادی مرکزِ صحت ، کوٹھا | 0333929881
- سی ایچ کالو خان۔ | 03339191353

### ہری پور

- سی ڈی کوٹ نجیب اللہ | 03059349975
- سول ہسپتال کے ٹی ایس | 03330928292
- ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال، ہری پور | 03155046070

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

# میں اپنا ٹیسٹ کہاں سے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

| | |
|---|---|
| اسلام آباد | **قومی ادارہ صحت**<br>پارک روڈ ، چک شہزاد ، اسلام آباد |
| کراچی | **آغا خان یونیورسٹی ہسپتال**<br>، اسٹیڈیم روڈ ، کراچی ، سندھ |
| حیدرآباد | **لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (LUMHS) ،**<br>لبرٹی مارکیٹ چکر ، لیاقت یونیورسٹی اسپتال کے قریب ، حیدرآباد ، سندھ |
| خیرپور | **گمبٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز**<br>، گمبٹ ، خیرپور ، سندھ |
| پشاور | **حیات آباد میڈیکل کمپلیکس**<br>، فیز 4 فیز 4 حیات آباد ، پشاور ، کے پی |
| مردان | **چغتائی لیب ،**<br>مردان پوائنٹ ، شمسی روڈ ، مردان ، کے پی |
| ھری پور | **ایکسل لیبز ،**<br>ٹی ایم اے پلازہ شاپ نمبر 6 ، گرلز ڈگری کالج سرکلر روڈ ہری پور کے قریب ، کے پی |
| لاھور | **شوکت خانم میموریل ہسپتال ،**<br>7 اے بلاک آر۔ 3 ایم اے جوہر ٹاؤن ، لاہور ، پنجاب |
| ملتان | **نشتر ہسپتال ،**<br>نشتر روڈ ، جسٹس حامد کالونی ، ملتان ، پنجاب |
| راولپنڈی | **آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی ،**<br>رینج روڈ ، سی ایم ایچ کمپلیکس ، راولپنڈی ، پنجاب |
| کوئٹہ | **فاطمہ جناح اسپتال**<br>بهادر آباد ، وحدت کالوني ، کوئٹه |
| مظفر آباد | **عباس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (اے آئی ایم ایس) ،**<br>امبور ، مظفرآباد ، آزاد کشمیر |
| گِلگِت | **ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ،**<br>اسپتال روڈ ، گلگت ، جی بی |

مزید شہروں کے لئے دیکھیں
**COVID-19 Health Advisory Platform**

آپ ہم سے **0092-333-5873268** پر **وٹس ایپ** پر رابطہ کرکےاپنے اردر گر د کرونا وائرس سے متعلق پھیلی کسی افواہ، غلط معلومات یا دیگرکوئی معلومات ہمیں بتا سکتے ہیں ۔ ہم اپنی کرونا وائرس سِوایکٹس مہم کے ہفتہ وار بلیٹنز کے ذریعے ان **افواہوں کا خاتمہ** کرکے **مستند معلومات** کی آگاہی فراہم کر یں گے-

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔